© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرینِ آخرت

## مولانا سید عبد العزیز شرقی رحمہ اللہ

مولانا سید عبد العزیز شرقی مرحوم کا نام دینی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں۔ وہ حضرت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری مدظلہ کے سسر حضرت مولانا سید محمد شریف شاہ صاحب رحمہ اللہ کے چھوٹے بھائی تھے۔ آپ ایک مضبوط نعت گو شاعر بھی تھے اور شرقی تخلص فرماتے۔ ایک عرصہ سے پاکستان سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں مکین ہو گئے تھے۔ ان کی عمر نوے سال کے قریب تھی۔ گزشتہ دنوں مدینہ منورہ میں انتقال فرما گئے اور جنت البقیع میں اسودۂ خاک ہو گئے۔ اللہ تعالے نے انہیں بہت بلند مرتبہ عطاء فرمایا اور دیارِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا مسکن و مدفن نصیب ہوا۔ حق تعالی ان کے درجات مزید بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ اراکینِ ادارہ ان کے تمام لواحقین و پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اظہار تعزیت کرتے ہیں۔

## جناب محمد عمر فاروق صاحب کو صدمہ

ادارہ کے رفیقِ فکر جناب محمد عمر فاروق صاحب کے دادا گزشتہ دنوں تلہ گنگ میں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔

مرحوم انتہائی صالح اور متدین بزرگ تھے اور علاقہ بھر میں ان کا احترام کیا جاتا تھا۔ اللہ تعالی ان کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اراکین ادارہ جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب، محمد عمر فاروق صاحب، رفیق غلام ربانی صاحب اور دیگر پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔

آئندہ شمارے میں
مبلغ احرار مولانا محمد مغیرہ کا تحقیقی مضمون
حیاتِ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام (شائع ہو گا) (ادارہ)

© rasailojaraid.com